| Name: ______________________ | Subject: Urdu | Class: 12th | Time: 180 minutes | Total Marks: | 100 |
|---|---|---|---|---|---|
| **Full Book Paper** | **MJDexpert.com** | | | Obtained marks | |

پرچہ: اردو          پیپر: الف     سال: دوئم          کل نمبر: 100

نام: ____________________          رول نمبر ____________

(حصہ معروضی)

سوال 1۔ دیئے گئے سوالات میں سے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔ (10)

i۔ بنوامیہ کے دفتر اعمال میں بدترین واقعہ کیا تھا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف): آزادی و حق گوئی کا استیصال | (ب): عدال سے فرار | (ج): غلام بنانا | (د): جاگیریں غصب کرنا |

ii۔ علامہ محمد اقبال (رحمتہ اللہ علیہ) کے خیال میں خودی کی کتنی منازل ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف): 2 | (ب): 3 | (ج): 4 | (د): 5 |

iii۔ تدبیر اور مشورہ حالات کے بدلنے کے بعد کہاں چلے گئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف): جنگل میں | (ب): باغ میں | (ج): غاروں میں | (د): پہاڑوں میں |

iv۔ مزاج دار کون ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف): اصغری | (ب): اکبری | (ج): حجن | (د): زُلفن |

v۔ مسلمانوں کے قائم کردہ محکمہ ڈاک کا نام کیا تھا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف): دیوان خاص | (ب): دیوان ڈاک | (ج): دیوان البرید | (د): جدید |

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

vi۔ وہ گھر نہ گیا۔۔۔۔۔۔دفتر چلا گیا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف): چونکہ | (ب): ورنہ | (ج): یا | (د): بلکہ |

vii۔ تبلیغی جماعت جا۔۔۔۔۔۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف): رہی ہے | (ب): رہے ہیں | (ج): رہی ہیں | (د): رہیں ہیں |

viii۔ ہم نے ملتان کے آموں کو۔۔۔۔۔۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف): میٹھے پائے | (ب): میٹھے پایا | (ج): میٹھی پائے | (د): میٹھا پایا |

ix۔ میں نے رشیدہ کے بالوں کو۔۔۔۔۔۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف): لمبے دیکھا | (ب): لمبے دیکھے | (ج): لمبا دیکھا | (د): لمبی دیکھا |

x۔ وہ حسین ہی نہیں بلکہ شوخ۔۔۔۔۔۔ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف): بلکہ | (ب): مگر | (ج): تو | (د): بھی |

(ج) رموز او قاف کے اصولوں ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

xi۔ حیرت اور خوشی کے اظہار کیلئے کون سی علامت استعمال ہوتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف): وقفہ | (ب): سکتہ | (ج): رابطہ | (د): فجائیہ |

xii۔ وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ کے لئے علامت استعمال ہوتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف): رابطہ | (ب): سکتہ | (ج): ختمہ | (د): سوالیہ |

xiii۔ علامت ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف): تفصیلیہ | (ب): رابطہ | (ج): ندائیہ | (د): وقفہ کی |

Visit mjdexpert.com for more test, notes and past paper of 9th, 10th, 11th and 12th Class

| Name: ________________________ | **Subject:** Urdu | **Class:** 12th | **Time:** 180 minutes | Total Marks: | **100** |
|---|---|---|---|---|---|
| **Full Book Paper** | **MJDexpert.com** | | | Obtained marks | |

xiv۔ (:)علامت ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف):واوین | (ب):وقفہ | (ج):ختمہ | (د):سوالیہ |

xv۔ استفہامیہ کی علامت ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف):؟ | (ب):: | (ج):! | (د):“ ” |

(د) امدادی افعال کے اصولوں کو مد نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

xvi۔ ڈالنا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف):چائے میں چینی ڈالو | (ب):گڑھے میں مٹی ڈالو | (ج):بچے نے کتاب پھاڑ ڈالی | (د):یہ خط ڈال آؤ |

xvii۔ لگنا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف):تیر نشانے پر آ لگا | (ب):میں کیسا لگ رہا ہوں | (ج):وہ تمہارا کیا لگتا ہے | (د):کیا آپ کو میری بات بُری لگی |

xviii۔ کرنا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف):مجھے ضرور خط لکھا کرو | (ب):مولا کرم کرے | (ج):تم نے یہ کیا کیا | (د):دُعا کرتے رہو |

xix۔ دینا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف):ذرا پانی دینا | (ب):تم آواز تو دینا | (ج):سانپ کو مار دو | (د):اشارے دے کر دیکھو |

xx۔ پڑنا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف):وہ پڑھتا رہا | (ب):کتاب میز پر پڑی ہے | (ج):وہ گر پڑا | (د):وہ راستے میں پڑا ہے |

Visit mjdexpert.com for more test, notes and past paper of 9th, 10th, 11th and 12th Class

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| Name: ________________________ | **Subject:** Urdu | **Class:** 12th | **Time:** 180 minutes | Total Marks: | **100** |
| **Full Book Paper** | **MJDexpert.com** | | | Obtained marks | |

(انشائی طرز)

سوال2: (الف)درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔شاعر کانام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجئے۔ (1+1+8=10)

مری افتاد گی بھی میرے حق میں اس کی رحمت تھی — کہ گرتے گرتے بھی میں نے لیا دامن ہے تھام اس کا

ہوئی ختم اس کی حجت اس زمیں کے بسنے والوں پر — کہ پہنچایا ہے ان سب تک محمد ﷺ نے کلام اس کا

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی تشریح کیجئے،اور شاعر کانام بھی لکھیئے؟ (3+3+3+1=10)

کام مردوں کے جو ہیں، سو وہی کر جاتے ہیں — جان سے اپنی جو کوئی کہ گزر جاتے ہیں

موت! کیا آ کے فقیروں سے تجھے لینا ہے — جان سے اپنی جو کوئی کہ گزر جاتے ہیں

دید وادید جو ہو جائے، غنیمت سمجھو — جوں شرر ورنہ ہم اے اہل نظر جاتے ہیں

حصہ دوم

سوال3: سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے۔مصنف کانام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجئے۔(1+1+3+10=15)

(الف) جس زمانے میں نواب صاحب پیدا ہوئے اور ہوش سنبھالا، مسلمانوں میں مذہبی جذبہ بہت بڑھا ہوا تھا۔اس کے متعدد اسباب تھے۔ان میں سے شاید ایک یہ بھی تھا کہ انسان جب ہر طرف سے مایوس ہو جاتا ہے تو مذہب کی پناہ ڈھونڈ تا ہے۔مسلمان دولت و اقبال، جاہ و ثروت سب کچھ کھو چکے تھے، ایک مذہب رہ گیا تھا، اس لئے یہ انہیں اور بھی عزیز ہو گیا۔ذرا سی بدگمانی پر بھی ان کے جذبات بھڑک اُٹھتے تھے۔

(ب) تاحدِ نظر سبزہ ہی سبزہ، یوں احساس ہوا کہ جزیرے اوواہو(Oaho) میں کُہنہ مشق کائنات نئے سرے سے شباب پر آئی ہے۔اس کے ننھے منے رقبے میں فطرت کا ہر رنگ ہر انگ پایا جاتا ہے۔سمندر یہاں عمیق تر ہوتا چلا گیا ہے۔یہ جنوبی یورپ کے آبی کناروں سے زیادہ نیلا اور چمکیلا ہے۔دوپہر کے وقت اس نیلم کی بھڑک آنکھیں خیرہ کر دیتی ہے۔میں نے وجدانی حُسن میں اس طرح ڈوبے ہوئے ساحل بہت کم دیکھے ہیں۔

سوال4: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیئے اور مصنف کانام بھی تحریر کیجئے۔(1+9=10)

(الف) مولانا ظفر علی خان (ب) پہلی فتح

سوال نمبر5: اسرار الحق مجاز کی نظم "نوجوان سے خطاب" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ (5)

سوال نمبر6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجئے۔ (20)

(الف) اتحاد عالم اسلام (ب) اُخوت اسلامی (ج) دہشت گردی ایک ناسور

سوال نمبر7: دوست کے نام والدہ کی اظہار تعزیت کے لیے خط تحریر کیجئے۔ (10)

Visit mjdexpert.com for more test, notes and past paper of 9th, 10th, 11th and 12th Class